12 جنوری 2022ء

اسٹیٹ بینک یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور کے 100 سال کی تکمیل پر 100 روپے کا یادگاری سکّہ جاری کرے گا

یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی)، لاہور کے قیام کے 100 سال پورے ہونے پر حکومتِ پاکستان نے 100 روپے کا یادگاری سکّہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یو ای ٹی، لاہور انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعلیم دینے والے پاکستان کے قدیم ترین اداروں میں سے ایک ہے۔ یادگاری سکّے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام دفاتر کے ایکسچینج کاؤنٹرز سے جاری کیے جائیں گے۔

اس سکّے کی شکل گول، کنارے دندانے دار اور قطر 30 ملی میٹر ہے، وزن 13.5 گرام ہے جس میں 75 فیصد تانبا اور 25 فیصد نکل ہے۔

ڈیزائن کی تفصیل یہ ہے:

سامنے والا رخ:

بڑھتا ہوا ہلالی چاند اور پانچ کونوں والا ابھرتا ہوا ستارہ جس کا رخ شمال مغرب کی سمت ہے، سکّے کے سامنے والے رخ کے مرکز میں بنایا گیا ہے۔ چاند تارے کے اوپر، سکّے کے کنارے پر، نیم دائرے میں اردو الفاظ ''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' کندہ ہیں، جبکہ چاند تارے کے نیچے اور گندم کی دو بالیوں کے اوپر جن کا رُخ بالائی طرف ہے سالِ اجرا 2021 تحریر ہے۔ چاند تارے کے دائیں جانب سکّے کی مالیت ہندسوں میں ''100'' اور بائیں جانب ''روپیہ'' اردو رسم الخط میں کندہ ہے۔

سکے کی پشت:

سکّے کی پشت پر وسط میں یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور کی مرکزی عمارت کی تصویر ہے۔ عمارت کی تصویر کے اوپر کنارے کے ساتھ ''UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY LAHORE'' نیم دائرے میں کندہ ہے۔ عمارت کی تصویر کے نیچے کنارے کے ساتھ '' 100 YEARS OF ACADEMIC EXCELLENCE'' نیم دائرے میں کندہ ہے، جبکہ سکّے کے نچلی طرف یو ای ٹی، لاہور کے صد سالہ عہد کی عکاسی کرتے ہوئے ''1921-2021'' تحریر ہے۔

****